Urdu - 5th Class Urdu Chapter 12 Short Questions Test

Q1. پرنٹ میڈیا میں کون سے زرائع ابلاغ شامل ہیں.

Ans 1: پرنٹ میڈیا میں اخبار، رسائل اور جریدے وغیرہ شامل ہیں.

Q2. انٹرنیٹ کی ایجاد سے پیغام رسانی کی دنیا میں کیا انقلاب آیا.

Ans 1: انٹرنیٹ کی ایجاد سے پیغام رسانی کی دنیا میں انقلاب آگیا . ایک کمپیوٹر کی معلومات دوسرے کمپیوٹر تک پلک جھپکنے مین پہنچے لگیں. ای. میل انٹرنیٹ کے زریعے بھیجی جاتی ہے.

Q3. دنیا بھر کے کمپیوٹروں کو کس کے زریعے سے ایک دوسرے کے ساھ جوڑ دیا گیا.

Ans 1: دنیا بھر کے کمپیوٹروں کو انٹرنیٹ کے زریعے ایک دوسرے سے جوڑ دیا گیا.

Q4. زرائع ابلاغ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: پیغام ، معلومات اور اطلاعات کو زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لیے جو زرائع استعمال کیے جاتے ہیں انہیں زرائع ابلاغ کہتے ہیں. مثلا . اخبار، ریڈیو ، رسائل اورانٹرنیٹ وغیرہ.

Q5. الیکٹرانک میڈیا میں کون سے زرائع ابلاغ شامل ہیں.

Ans 1: الیکٹرانک میڈیا میں ریڈیو، ٹیلی وژن اور انٹرنیٹ شامل ہیں.

Q6. انٹرنیٹ نے ہماری زندگی میں کون سی آسانیاں پیدا کی ہیں.

Ans 1: انٹرنیٹ کی مدد سے ہم بجلی ، پانی، گیس اور ٹیلی فون کے بل گھر بیٹھے جمع کرواکر اپنا قیمتی وقت بچالیتے ہیں. اسکے علاوہ گھر کا سودا سلف اور ضرورت کی ہرچیز بھی ہم انٹرنیٹ کے زریعے گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں. انٹرنیٹ کی بدولت ہزاروں میل کی دوری پر مریض اور معالج ایک دوسرے سے رابطہ کرسکتے ہیں.

Q7. شہر یار اور ملائکہ انٹرنیٹ کی مدد سے کیا کام کرتے ہیں.

Ans 1: شہر یار کو جب بھی پڑھائی میں کوئی مشکل پیش آتی ہے یا اسے کسی موضوع پر معلومات درکار ہوتی ہین انٹرنیٹ اس کا کام آسان کردیتا ہے. ملائکہ مختلف قسم کے کھانے پکانے اور آرائشی اشیا تیار کرنے کے اپنے شوق کو انٹرنیٹ کے زریعے ہی سے پورا کرتی ہے.

Q8. زرائع ابلاغ کیا کام انجام دیتے ہیں.

Ans 1: زرائع ابلاغ لوگوں کو اطلاعات و معلومات پہنچانے کا کام کرتے ہیں ان کی بدولت تعلیم ، تفریح اور دیگر معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں. کسی بھی ملک کے زرائع ابلاغ اس کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں.

Q9. خط کی جدید شکل کیا ہے.

Ans 1: خط کی جدید شکل ای میل ہے.

Q10. ایک طالب علم کی حیثیت سے ہم انٹرنیٹ سے کیا فائدے حاصل کرسکتے ہیں.

Ans 1: ایک طالب علم کی حیثیت سے ہم انٹرنیٹ کی مدد سے اب گھر بیٹھے تعلیم حاصل کرسکتے ہیں. انٹرنیت کی مدد سے ایک دور دراز علاقے میں بیٹھا ہوا طالب علم بھی اعلی ماہر اساتزہ سے استفادہ حآصل کرسکتے ہیں.